NOOR PROPERTY NETWORK
NPN
CONSULTANT AND ADVISOR
M. Salman Baig
C.E.O.
0300-8207377



Deals in: Gwadar, DHA Karachi, Bahria Town & all Commercial/Residential land all over Pakistan.
Plot # 7-C, Shop # 6/7, Bukhari Com Lane-8, Phase-VI, DHA, Karachi. sbaig7377@gmail.com



28 YEARS In Publication


# CLIFTON TIMES

Your Weekly Real Estate Guide


Siddiq Qureshi
0300-8279791
0335-8279791
SE SIDDIQ ESTATE ENTERPRISES
REAL ESTATE CONSULTANT
DHA CITY
53-C/II, COM AREA "A" PHASE-II, DHA, KARACHI.
021-35885533, 021-35885588
SIDDIQESTATE@YAHOO.COM, SIDDIQESTATE.COM



VOL-28, ISSUE - 29 | 21ST JULY - 27TH JULY 2024 | 1ST REAL ESTATE NEWSPAPER IN DHA & CLIFTON | PKR 125/- | 35884301 | 0302-2454985



MORE THEN 30 YEARS EXPERIENCE

## Prime Estate Enterprises

REALTORS I INVESTORS I BUILDERS I DEVELOPERS

RAZI AHMED
C.E.O
0300-2014-786

63-C, Commercial Area-A, Phase II, D.H.A, Karachi. 111111800, primeestateenterprises@gmail.com, primeestateenterprises.com

REALTY NETWORKS
REAL ESTATE PROFESSIONALS

TEAM RN



Nasir shah — Investment consultant
Dr Rehan Raza — Investment Consultant
Kamran Bawa — Investment Consultant
Muhammad Khan — Manager
Kashif Sheikh — Project Manager
Siraj Uddin — SM Manager

Office No. 1, Building No. 23-C, Bukhari Commercial Lane-7, Phase VI, DHA Karachi. realtynetworksdha realtynetworksdha realtynetworks@gmail.com www.realty-networks.com

## PROPERTY PRIME TIME

PROPERTY APPRAISER & CONSULTANTS

Email: sardar.afzaal@gmail.com
Web: propertyprimetime.pk

**Head Office:** Plot # 40-C, Ground Floor, Lane-5, Bukhari Commercial Area, Phase VI, D.H.A, Karachi. **Ph:** 021-3585670-80 **UAN:** 021-111778111

**Branch Office Bahria Town:** B14, Midway-B, 3rd Floor, Opposite Bahria Town Head Office, Khi. **Aamir Shabbir:** 0300-8286663

**Branch Office Islamabad:** 159-B, Al-Rehman Plaza, Office # 03, 1st Floor, Service Road, Gulberg Greens, Islamabad. **Khurram Shabbir:** 0300-8286664

Afzaal Shabbir Khan
C.E.O
0300-8286661
0321-8286661



## MILESTONE PROPERTIES

BUILDER & REAL ESTATE CONSULTANT

>>>> A Better Way To Invest <<<<

Shahzad Yousaf
0300/0321-8254998

Shop # 2, Building 3-C, Main Khayaban-e-Nishat, Small Nishat Com Area, Phase-VI, DHA, Karachi. Tel: 021-35856778 - 35856779, Facebook: Milestone Properties, Email: milestoneproperties@hotmail.com

DHA CITY

## MAHENTI ESTATE

DHA / CLIFTON / DHA CITY / BAHRIA TOWN / EMAAR

MAHENTIESTATE MAHENTIESTATE.PK MAHENTIESTATE

Contact:
USMAN MAHENTI
0300-8221566
BILAL MAHENTI
0321-8299830



## PARTNERS IN SUCCESS (Thank You For Your Business)

| Company | Contact | Phone |
|---|---|---|
| 21ST CENTURY REAL ESTATE | SYED AFTAB HUSSAIN | 0300-2869242 |
| ACCOMODATORS | ZULFIQAR H. SIDDIQUE | 0300-2011115 |
| AFTAB BROTHER | SAJID KHAN | 0321-2929233 |
| BIG DEAL ASSOCIATES | NASIR MEHMOOD | 0300-8257295 |
| CAREWELL REAL ESTATE | AZIZ SHEIKH | 0321-2123226 |
| EMPIRE ESTATE | MUHAIMIN | 0333-2219034 |
| ISMAIL ENTERPRISES | AMIR SHAHID | 0300-9208827 |
| JANNAT ESTATE | ABDUL QADEER | 0321-8291211 |
| MENGRANI ESTATE | IDREES | 0300-2151201 |
| MOTIWALA ESTATE | ASHRAF MOTIWALA | 0300-2019446 |

# Summery of Public Notices ( Jan to June 2024 )

## Summary Of Public Notices 2024 (Jan'24 - June'24)

| S.NO | Month Name | Residential Plot | Commericial Plot | Bunglows Sale | Apartments DHA | Apartments Clifton | Office Sale Clifton | Office Sale DHA | Mezzanine Shops DHA | Total | DHA City | Bahria Town | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | JANUARY | 72 | 23 | 43 | 33 | 33 | 6 | 8 | 10 | 228 | 37 | 3 | 40 |
| 2 | FEBRUARY | 66 | 9 | 32 | 22 | 18 | 1 | 2 | 3 | 153 | 36 | 0 | 36 |
| 3 | MARCH | 53 | 12 | 28 | 24 | 15 | 1 | 2 | 2 | 137 | 13 | 4 | 17 |
| 4 | APRIL | 39 | 9 | 25 | 32 | 27 | 1 | 1 | 5 | 139 | 7 | 1 | 8 |
| 5 | MAY | 81 | 15 | 66 | 47 | 25 | 2 | 6 | 13 | 255 | 27 | 4 | 31 |
| 5 | June | 45 | 11 | 31 | 28 | 12 | 7 | 11 | 13 | 158 | 39 | 2 | 41 |
| | Total | 356 | 79 | 225 | 186 | 130 | 18 | 30 | 46 | 1070 | 158 | 14 | 173 |




**DHA, DHA City, Bahria Town**

کراچی میں کسی بھی پراپرٹی کی قیمت جاننے یا خریدوفروخت کے لئے رابطہ کریں۔

Research & Compiled by
**PakRealEstate.com**
0324-2470525

# دنیا کے کامیاب ترین افراد کی کہانی


کہتے ہیں کہ ’ناکامی درحقیقت کامیابی کی طرف پہلا قدم ہوتی ہے‘۔ کیا آپ میں سے کسی نے اس مقولہ کو کبھی اس کی اصل روح کے ساتھ سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ جو لوگ کامیابی کی اس سیڑھی (ناکامی) کی اہمیت کو سمجھ لیتے ہیں، کامیابی انہی کا مقدر بنتی ہے۔ جو لوگ اس راز کو نہیں جان پاتے، کامیابی ان کے لیے کبھی نہ حاصل ہونے والی منزل بن کر رہ جاتی ہے۔

پیٹر اَیتھنز ایک معروف کوہ پیما ہیں، جن کا تعلق امریکا سے ہے۔ انھیں دنیا کی سب سے بلند چوٹی ایوریسٹ کو 7 مرتبہ سر کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔ وہ کہتے ہیں،’’میں نے ماؤنٹ ایوریسٹ کی کوہ پیمائی کی ابتدائی چار کوششوں کے دوران سیکھا کہ پہاڑ پر کیسے نہیں چڑھنا چاہیے۔ ناکامی آپ کو اپنی جدوجہد بہتر کرنے کا موقع دیتی ہے۔ آپ بتدریج نکھرتی ہوئی ذہانت کے ساتھ خطرات مول لیتے جاتے ہیں‘‘۔ پیٹر اَیتھنز نے اس بات کی روشنی میں اپنی ٹیم کو مزید سبک رفتار بنایا اور 1990ء میں ایسے کم آزمائشی راستے کا انتخاب کیا، جس کے نتیجے میں اس نے پہلی کامیاب چڑھائی کی۔

بین الاقوامی شہرت یافتہ انگریزی کتاب You Can Win (1998) کے مصنف شِو کھیرا‘ کا مشہور قول ہے،’کامیاب لوگ مختلف کام نہیں کرتے بلکہ وہ کام کو مختلف طریقے سے کرتے ہیں‘۔


آج دنیا جن لوگوں کو ان کی کامیابیوں کی وجہ سے جانتی ہے، ان افراد کو ابتدا میں جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، وہ بھی تاریخ میں رقم ہیں۔ آیئے جانتے ہیں ایسی نامور شخصیات کو جو ناکامیوں سے دلبرداشتہ ہونے کے بجائے آگے بڑھتے رہے اور آج دنیا ان کی صلاحیتوں اور کامیابیوں کی معترف ہے۔

### ☆البرٹ آئن اسٹائن



انتہائی ذہانت کے حامل سائنسدان آئن اسٹائن کی ابتدائی زندگی ناکامیوں سے عبارت تھی۔ انہیں 9 برس کی عمر تک بولنے میں دشواری کا سامنا تھا۔ مزاج میں شدت اور باغیانہ سوچ کے باعث انہیں اسکول سے بھی نکال دیا گیا۔ لیکن ابتدائی ناکامیاں انہیں 1921ء میں طبعیات میں خدمات کے اعتراف میں دیے گئے نوبل انعام کو حاصل کرنے سے نہیں روک سکیں۔

### ☆میڈونا



1958ء میں پیدا ہونے والی گلوکارہ میڈونا کی والدہ اس وقت فوت ہوگئیں، جب میڈونا صرف 5 برس کی تھیں۔ ڈانسر بننے کا خواب انہیں نیویارک لے گیا، جہاں انہوں نے پیسوں کی خاطر ایک ڈونٹ شاپ میں نوکری اختیار کرلی لیکن جلد ہی وہاں سے فارغ کر دی گئیں۔ اس کے باوجود انہوں نے ہمت نہ ہارتے ہوئے چھوٹے گروپوں کے ساتھ مل کر گلوکاری کی ابتدا کی اور اپنے گانوں کے البمز نکالے۔ آج ان کا شمار دنیا کی عظیم ترین اور نامور ترین گلوکاراؤں میں ہوتا ہے۔

### ☆والٹ ڈِزنی



مِکی ماؤس جیسے لازوال کارٹون کردار کے خالق والٹ ڈزنی کو ابتدا میں ملٹری اسکول سے نکال دیا گیا تھا۔ انہوں نے اسٹوڈیو قائم کرتے ہوئے کام کا آغاز کیا لیکن ناکامیوں کے باعث اسٹوڈیو دیوالیہ ہوگیا۔ ان کے بارے میں کہا گیا کہ وہ کاروبار کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ انہیں کوئی اخبار بھی نوکری دینے پر تیار نہیں تھا، کیونکہ ان کا خیال تھا کہ وہ تخلیقی نہیں۔ بعد میں انھوں نے مِکی ماؤس جیسا یادگار کارٹون کردار تخلیق کرکے، سب کو غلط ثابت کر دِکھایا۔

### ☆اِسٹیو جابز



نئی ٹیکنالوجی متعارف کروانے والی کمپنی ایپل کے بانی اسٹیو جابز نے اس کمپنی کا آغاز ایک گیراج سے کیا۔ 1985ء میں اسٹیو کو ان کی اپنی ہی قائم کردہ کمپنی سے نکال دیا گیا۔ اس عرصے میں انھوں نے ’نیکسٹ‘ اور ’پکسار‘ جیسی کمپنیوں کی بنیاد رکھی اور وہاں بھی کامیابی کے جھنڈے گاڑے۔ اپنی لگن، محنت اور کامیابی کے باعث وہ ایک بار پھر ایپل کمپنی میں جگہ بنانے میں کامیاب رہے اور اس کے چیف ایگزیکٹو آفیسر بنے۔

### ☆بِل گیٹس



مائیکروسافٹ کے بانی کو ہارورڈ یونیورسٹی سے اپنی تعلیم اَدھوری چھوڑنا پڑی تھی۔ انہوں نے کاروبار کا آغاز کیا، جس میں شدید گھاٹا ہوا۔ تاہم اس وقت تک بل گیٹس کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں اپنی صلاحیتوں کو جان چکے تھے۔ انہوں نے مائیکروسافٹ کمپنی کی بنیاد رکھی۔ ایک تقریب میں انھوں نے کہا تھا،’کامیابی کا جشن منانا ضروری ہے لیکن اہم بات یہ ہے کہ اپنی ناکامیوں سے بھی سیکھا جائے‘۔

### ☆جے کے رولنگ



ہیری پوٹر کی کتابی سیریز نے اس کی مصنفہ کو دنیا کے کامیاب ترین افراد کی فہرست میں لاکھڑا کیا لیکن ایک وقت ایسا بھی تھا جب کوئی پبلشر ان کی کتاب چھاپنے پر تیار نہیں تھا۔ ان کو یہ تک کہا گیا تھا کہ ہیری پوٹر کی کہانی پڑھنے میں کوئی دلچسپی نہیں لے گا لیکن بعد میں اس کتاب اور اس پر بنائی گئی فلموں نے دنیا بھر میں کامیابیوں کے جھنڈے گاڑ دیے۔

### ☆اوپرا ونفری



ٹاک شوز کی بے تاج ملکہ اوپرا ونفری ایک انتہائی مفلس گھرانے میں پیدا ہوئیں۔ زندگی کی تلخیوں کے باوجود انہوں نے محنت کا سفر جاری رکھا۔ وہ ایک عرصے تک امریکا میں ٹاک شوز کی ملکہ رہیں، انھوں نے فلم سازی کے ساتھ اداکاری کے میدان میں بھی قدم رکھا۔ اوپرا نے جب ٹی وی شو شروع کیا تو وہ دنیا کے تمام ٹی وی شوز کے مقابلے میں مقبول ہوگیا۔ اوپرا کی جذباتیت اور حساسیت انھیں شہرت کی بلندیوں پر لے گئی۔ انہیں 2011ء میں اپنی سماجی خدمات کے اعتراف میں اعزازی آسکر بھی دیا گیا۔

## چھوٹے بچوں کی پڑھائی:

# کتاب آج بھی ٹیبلٹ سے بہتر ہے، تحقیق

مشی گن: اگر آپ بہت چھوٹے بچوں کو کتاب سے آشنا کرنا چاہتے ہیں تو ٹیبلٹ کی بجائے روایتی کاغذوں والی کتاب ہی بہتر ثابت ہوتی ہے۔ اس سے ان کے ذخیرہ الفاظ بڑھتا ہے اور بولنے کی قوت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس ضمن میں مشی گن میں واقع سی ایس موٹ چلڈرن ہسپتال کے ماہر ٹفنی میونزر نے ایک دلچسپ سروے کیا ہے۔ تجرباتی طور پر انہوں نے 77 والدین اور ان کے بچوں کے درمیان کتاب اور ٹیبلٹ کے تعلق کا مطالعہ کیا ہے۔ اب بچوں کی عمریں 24 سے 36 ماہ تھیں۔ والدین سے کہا گیا کہ یا تو وہ ٹیبلٹ پر بچوں کو کہانیاں سنائیں یا تصاویر دکھائیں یا پھر روایتی کتاب لے کر ان کے پاس بیٹھیں۔ جب جب کتاب پڑھتے یا کہانی سناتے ہوئے والدین نے بچے سے بات کی تو اس دوران بچے نے بھی اپنی جذباتی کیفیات کا اظہار کیا۔ عین اسی طرح سے بچے والدین کی گفتگو سن کر اپنی بات کرتے ہیں۔

ڈاکٹر ٹفنی کہتی ہیں کہ اس سے بچے کی لسانی اور دماغی نشوونما پر بہت اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اگر والدین بچوں کے ساتھ بیٹھ کر کتاب پڑھیں تو اس کے بہت سے فائدے ہوتے ہیں۔ اول بچوں میں ذخیرہ الفاظ بڑھتے ہیں، والدین اور بچے کا رشتہ مضبوط ہوتا ہے، اور آگے چل کر اسکول میں کامیابی کے امکانات بھی روشن ہوتے ہیں۔

اس سے قبل نفسیات داں وں نے کہا تھا چھپی ہوئی کتابیں پڑھتے وقت والدین بچے سے باتیں زیادہ کرتے ہیں، ان کا باہمی تبادلہ بہتر ہوتا ہے جبکہ برقی (الیکٹرانک) کتابیں پڑھنے سے یہ فائدہ نہیں ہوتا۔ اس کے علاوہ شائع شدہ کتابوں کی تصاویر ہر زاویے سے بچے کو واضح نظر آتی ہے اور یوں وہ اسے بہتر طور پر دیکھ سکتے ہیں۔

اس بنیاد پر ماہرین نے کہا ہے کہ ٹیبلٹ اور فون ہر گھر میں عام ہیں اور والدین اسے بچوں کو پڑھانے یا کہانیاں سنانے کے لیے بھی استعمال کر رہے ہیں۔ لیکن روایتی کتابوں کے مقابلے میں ان کی حیثیت بہت کم رہ جاتی ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اینی میشن اور اشتہارات کی وجہ سے بچے کی توجہ منتشر ہوتی ہے جبکہ روایتی کتاب میں ایسا نہیں ہوتا۔


یوں اگر دو سے تین برس تک کے بچوں کے سامنے والدین کتاب کھول کر پڑھیں تو اس سے فائدہ ہوسکتا ہے۔ اس سے قبل لاتعداد تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ دو سے تین سال تک کے بچوں کے سامنے تصویری کتب رکھ کر ان سے بات کی جائے تو ان کا ذخیرہ الفاظ بڑھتا ہے اور وہ بہت کچھ تیزی سے سیکھتے ہیں۔



## غزل

مرزا غالب

آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہوتے تک
کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہوتے تک
دام ہر موج میں ہے حلقہ ء صد کام نہنگ
دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہوتے تک
عاشقی صبر طلب اور تمنا بیتاب
دل کا کیا رنگ کروں خون جگر ہوتے تک
تا قیامت شب فرقت میں گزر جائے گی عمر
سات دن ہم پہ بھی بھاری ہیں سحر ہوتے تک
ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہوتے تک
پرتو خور سے ہے شبنم کو فنا کی تعلیم
میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہوتے تک
یک نظر بیش نہیں فرصت ہستی غافل
گرمی ء بزم ہے اک رقص شرر ہوتے تک
غم ہستی کا اسدؔ کس سے ہو جز مرگ علاج
شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہوتے تک


H&S
RESIDENCE
波
UNWIND IN OUR
STUNNING, WORLD CLASS
Lobby
For More Information,
Register
Follow
HMR WATERFRONT
HSPROPERTYPK.COM
HMR WATERFRONT,
DHA PHASE VIII, KARACHI
H&S
PROPERTIES
CALL TO BOOK
0300 0202447

# Real Estate Basics & Digital Marketing

**For Real Estate Agents / Developers & Related Field Consultants**

**Day-1**

**Session 01**

**Introduction to Real Estate & Terminologies**

**Session 02**

**Real Estate Survey and Feasibility**

**Day-2**

**Session 01**

**Technology in Real Estate**

**Session 02**

**Digital Marketing in Real Estate (Practical Training)**

## Course Details

- 2 Day Workshop
- Introuction to Real Estate
- Real Estate Terminologies
- Introduction to Marketing
- Technology in Real Estate
- Digital Marketing in Real Estate
- Certificate Included
- Followed by Hi-Tea

NATIONAL INSTITUTE OF REAL ESTATE MANAGEMENT (NIREM)
EDUCATION I KNOWLEDGE I TRAINING I IMAGE BUILDING

REGISTER NOW

For More Details Contact us at: 0324-2470525 | 104-C, 4th Floor, Main Khayaban-e-Ittehad, Phase-2 Ext., D.H.A, Karachi.

اب آپ کو شناخت اور پہچان ملے گی، آپ کی خدمات کا اعتراف کیا جائے گا!!!



Launching Success Stories of

# TOP 100 REAL ESTATE CEOs

of Pakistan alongwith 2nd Awards of Excellence Ceremony

PAKISTAN'S TOP 100 REAL ESTATE CEOS

A PROJECT OF CLIFTON TIMES
CLIFTON TIMES
Your Weekly Real Estate Guide

کلفٹن ٹائمز کا رئیل اسٹیٹ ایجنٹس کی Image Building کے لئے ایک اہم قدم

- پاکستان رئیل اسٹیٹ کی تاریخ میں پہلی بار Top 100 رئیل اسٹیٹ CEOs کی کامیابیوں کی ایک ایسی Biography شائع کی جائے گی جس میں ان کے بارے میں بتایا جائے گا کہ کس طرح وہ رئیل اسٹیٹ میں داخل ہوئے، کن کن مشکلات سے گزرے اور آج وہ ترقی کے جس مقام پر ہیں اس تک کیسے پہنچے اور ان کی کامیابیوں کے راز کیا ہیں؟
- معیشت کی ترقی میں ان کا کردار اور ان کی زندگی اور جدوجہد کے وہ پہلو جو نظروں سے اوجھل ہیں، وہ معاشرے اور حکومت کے سامنے لائے جائیں گے۔
- Success Stories نہ صرف رئیل اسٹیٹ کی موجودہ Generation بلکہ نئے آنے والوں کے لئے بھی ایک مشعل راہ ثابت ہونگی۔
- انشاءاللہ کامیابیوں کے سفر کی یہ کہانیاں رئیل اسٹیٹ ایجنٹس اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر کی امیج بلڈنگ میں اہم کردار ادا کریں گی۔
- یہ Success Stories انٹرنیٹ پر انگلش میں اور کتابی صورت میں اردو زبان میں شائع کی جائیں گی۔
- پہلے مرحلے میں رئیل اسٹیٹ CEOs کی پروفائلز صرف انٹرنیٹ پر شائع کی جائیں گی۔

**Please Contact For Detail Interview Today**

M. Ahmed Zahid
0324-2470525

Zainab Khan
0302-2454985

اگر آپ کا شمار بھی رئیل اسٹیٹ کے کامیاب لوگوں میں ہوتا ہے تو آج ہی ہم سے رابطہ کریں

نوٹ: آپ اپنے کسی ساتھی کو بھی Nominate کر سکتے ہیں

ہفت روزہ
رئیل اسٹیٹ پر ملک کا پہلا اور مستند جریدہ
کلفٹن ٹائمز
ایڈیٹر: نظیر عالم نظیر 0343-3416440
جلد نمبر 24 اتوار 20 ستمبر سے 26 ستمبر 2020 شمارہ نمبر 38

# عمارتیں گرنے کے افسوسناک واقعات

ماہ رفتہ ہونے والی شدید بارشوں کے بعد کراچی میں کورنگی اور لیاری سمیت کئی مقامات پر عمارتوں کے گرنے کے افسوسناک واقعات رونما ہوچکے ہیں جن میں قیمتی انسانی جانیں بھی ضائع ہوچکی ہیں۔ متعلقہ اداروں نے شہر میں بڑی تعداد میں ایسی عمارتوں کی نشاندہی کی ہے جن کو بارشوں کی وجہ سے نقصان پہنچا ہے اور ان کے گرنے کے خدشات ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسی تمام عمارتوں کو فی الفور خالی کرایا جائے، مکینوں کو متبادل رہائش فراہم کی جائے اور اس کے بعد ان عمارتوں کو منہدم کیا جائے تاکہ مستقبل میں قیمتی انسانی جانوں کے نقصان سے بچا جاسکے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ان عمارتوں کے بلڈرز کیخلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے اور انہیں عبرت کا نشان بنایا جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی بلڈر عمارتوں کی تعمیر کے حوالے سے موجود معیار کی خلاف ورزی نہ کرسکے۔

المیہ یہ ہے کہ ہمارا پورا نظام کرپشن زدہ ہوچکا ہے اور ہر جگہ مافیا بیٹھی ہوئی ہے، جن بلڈرز نے بائی لاز کی خلاف ورزی کرتے ہوئے یہ غیر معیاری تعمیرات کی تھیں یقیناً انہوں نے یہ سب کچھ اپنے بل بوتے پر نہیں کیا ہوگا بلکہ ان کے ساتھ متعلقہ ریگولیٹری اتھارٹیز کے افسران بھی اس جرم میں شریک ہوں گے اور ان افسران کو بھی اعلیٰ افسران یا پھر سیاسی قوتوں کی آشیرباد حاصل ہوگی۔ اس لئے ہم نے رسماً ان سطور میں یہ مطالبہ تو کردیا کہ انسانی جانوں کی پرواہ نہ کرنے والے مال وزر کے پجاری ان بلڈرز کیخلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے تاہم اس بات کا کوئی امکان نہیں کہ ان کیخلاف کوئی سنجیدہ کارروائی ہوگی، اس لئے کہ نظام کے سارے پرزے اس جرم میں برابر کے شریک ہیں، ایسے میں کون کس کے خلاف اور کیوں کر کارروائی کرے گا؟

خوش قسمتی سے ڈیفنس اور کلفٹن کے علاقوں میں ایسے واقعات پیش نہیں آئے ہیں کہ یہاں تعمیرات کے حوالے سے موجود قوانین پر کافی حد تک عمل کیا جاتا ہے۔ البتہ جو رئیل اسٹیٹ ایجنٹس ڈیفنس اور کلفٹن سے باہر کے علاقوں میں بھی کام کرتے ہیں ان سے ہماری درخواست ہے کہ وہ کسی بھی عمارت میں کسی پراپرٹی کی بکنگ کرتے وقت یا خرید و فروخت کرتے وقت یہ ضرور دیکھا کریں کہ آیا یہ عمارت اسٹینڈر کے مطابق تعمیر ہورہی ہے یا ہوچکی ہے کہ نہیں۔ جو عمارتیں بائی لاز کے مطابق تعمیر نہ ہوں وہاں اپنے کسی کلائنٹ کو پراپرٹی خرید کر ہرگز نہ دیں اور دوسرے رینلٹرز کو بھی آگاہ کریں کہ وہ اس عمارت میں کام نہ کریں۔ اگر سارے بروکرز حضرات ایمانداری کے ساتھ ایسا کریں تو صورتحال بہت بہتر ہوسکتی ہے۔ ایک رئیل اسٹیٹ ایجنٹ کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنے کلائنٹ کے مفادات کا مکمل تحفظ کرے اور کلائنٹ نے اس پر جس اعتماد اور بھروسے کا اظہار کیا ہے اس کو ٹھیس نہ پہنچائیں۔ امید ہے ہماری بات بیشتر لوگوں کو سمجھ آگئی ہوگی۔

> جو عمارتیں بائی لاز کے مطابق تعمیر نہ ہوں وہاں اپنے کسی کلائنٹ کو پراپرٹی خرید کر ہرگز نہ دیں اور دوسرے رینلٹرز کو بھی آگاہ کریں کہ وہ اس عمارت میں کام نہ کریں۔ اگر سارے بروکرز حضرات ایمانداری کے ساتھ ایسا کریں تو صورتحال بہت بہتر ہوسکتی ہے

# مطالعے کی عادت کامیابی کی کنجی

ایک دانا کا قول ہے کہ عام افراد اپنے معمولات زندگی پر مطمئن ہو جاتے ہیں، مگر جو خاص ہوتے ہیں، وہ کامیابی کی جستجو کرتے ہیں۔ کامیابی کی جستجو نے آج مغرب میں ایک صنعت کی شکل اختیار کر لی ہے، سیلف ہیلپ انڈسٹری میں سالانہ لاکھوں کتابیں شائع ہوتی ہیں، جو ریکارڈ تعداد میں فروخت ہوتی ہیں۔

کامیابی کے موضوع پر آڈیو اور ویڈیو پروگرام اور سیمینارز کا سلسلہ بھی زوروں پر ہے، جن کیلئے کمپنیاں اور افراد بھاری فیس بہ خوشی ادا کرتے ہیں، یعنی آج کامیابی کی کنجی کی تلاش میں ایک زمانہ سرگرداں ہے۔ البتہ اگر کامیاب افراد کی زندگی پر نظر ڈالیں، تو یہ حیرت انگیز انکشاف ہوتا ہے کہ وہ اپنی کامیابیوں کو مطالعے کی عادت کا مرہون منت قرار دیتے ہیں اور نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ کتابیں پڑھنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ اس عہد کے ممتاز سرمایہ کار وارن بفٹ سے جب کامیابی کی کنجی کی بابت پوچھا گیا، تو انھوں نے اپنی لائبریری میں لگے کتابوں کی ڈھیر کی سمت اشارہ کرتے ہوئے کہا، ''روزانہ اپنے موضوع پر پانچ سو صفحات پڑھیں''

عام خیال ہے کہ 90 سالہ امریکی بزنس مین وارن بفٹ روزانہ چھ سو سے ایک ہزار تک صفحات پڑھتے ہیں۔ یہ بالکل درست ہے کہ ہر شخص کیلئے اتنا مطالعہ کرنا ممکن نہیں، مصروفیات کا بھی بوجھ ہے، البتہ یہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ دنیا کے کامیاب ترین بزنس مین بے پناہ مصروفیات کے باوجود جم کر مطالعہ کرتے ہیں۔ مائیکروسافٹ کے بانی بل گیٹس سالانہ پچاس کتابیں پڑھتے ہیں، یعنی ہفتے میں ایک کتاب۔ فیس بک کے مارک زگربرگ نے 2015 میں یہ عہد کیا تھا کہ وہ دو ہفتے میں ایک کتاب لازمی ختم کریں گے، یعنی مہینے میں دو اور سال میں چوبیس کتب۔ امریکا کی معروف سیاہ فام ٹی وی میزبان، کاروباری شخصیت اوپرا ونفرے کتابوں کی رسیا ہیں، وہ نہ صرف خود باقاعدگی سے کتابیں پڑھتی ہیں، بلکہ اپنے مشہور زمانہ پروگرام The Oprah Winfrey Show میں ان کا تذکرہ بھی کرتی ہیں اور مصنفین کی تشہیر میں بھی حصہ لیتی ہیں۔ تو اگر آپ بھی کامیابی کی تلاش میں ہیں، تو اپنے شعبے کی کتب کا رخ کریں، ان ہی میں وہ کنجی چھپی ہے، جو قسمت کا دروازہ کھول سکتی ہے۔

# سر زاہد اقبال کی انمول باتیں




فارسی کا محاورہ ہے ''ہر کہ در کانِ نمک رفت نمک شد'' جو بھی نمک کی کان میں گیا وہ نمک ہوگیا۔ یعنی جو شخص جیسی صحبت اختیار کرے گا، اس کے اندر بھی اسی طرح کی عادات پیدا ہو جائیں گی۔ کلفٹن ٹائمز میں کام کرتے کرتے ہم بھی رئیل اسٹیٹ بزنس کی طرف آنکلے ہیں اور سر زاہد اقبال کی رہنمائی میں کام کا آغاز کردیا ہے۔ سر زاہد اقبال ہر روز ہمیں کوئی نہ کوئی نئی چیز سکھاتے ہیں، کوئی نصیحت کرتے ہیں اور کامیابی کا کوئی گر بتاتے ہیں۔ گزشتہ روز بھی ان سے ایک مختصر دوبدو ملاقات ہوئی جس میں انہوں نے حسب معمول رئیل اسٹیٹ بزنس میں کامیابی کیلئے کچھ انمول نصیحتیں کیں۔ آج کے کالم میں سر زاہد اقبال کی ان انمول باتوں کا خلاصہ پیش کرتے ہیں۔

سوچ ہمیشہ بڑی رکھنی چاہئے، جس کی سوچ جتنی بڑی ہوتی ہے اس کے آگے بڑھنے اور ترقی کی بلندیوں پر پہنچنے کے امکانات اتنے ہی زیادہ ہوتے ہیں، یہ ایک فطری بات ہے کہ جس کی سوچ بڑی ہوتی ہے وہ ہارڈ ورکر بھی ہوتا ہے، مشکلات سے نہیں گھبراتا، مایوس نہیں ہوتا اور محنت جاری رکھتا ہے جس کا نتیجہ بالآخر کامیابی کی شکل میں نکلتا ہے۔

کامیابی کیلئے مستقبل مزاجی بہت ضروری ہے، ایک کام شروع کیا تو پھر اسے جاری رکھنا چاہئے، ادھر ادھر نہیں دیکھنا چاہئے، جو لوگ مستقبل مزاجی کے ساتھ کام کرتے ہیں ان کی قسمت میں کامیابی کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا، مطلب یہ کہ ایسے لوگ ضرور کامیاب ہوتے ہیں۔

نمبرون بننے کا عزم بھی انسان کو کامیابی کی بلندیوں پر لے جاتا ہے، ہم جس بھی فیلڈ میں کام کریں وہاں کم پر قناعت نہ کریں بلکہ یہ تہیہ کرلیں کے ہم نے نمبرون بننا ہے اور جو شخص یہ تہیہ کرلے وہ ایک دن ضرور نمبرون بنتا ہے۔

تُو ہی ناداں چند کلیوں پر قناعت کر گیا
ورنہ گُلشن میں علاجِ تنگیِ داماں بھی ہے

نمبرون بننے کی راہ میں یقیناً رکاوٹیں تو حائل ہوں گی لیکن ایسا کوئی مسئلہ نہیں جس کو حل نہیں کیا جاسکتا اور ایسی کوئی رکاوٹ نہیں جس کو دور نہیں کیا جاسکتا، بس عزم یہ ہو کہ نمبرون بننا ہے، کم پر قناعت نہیں کرنا۔

زاہد اقبال صاحب نے ایک ایسے اہم مسئلے کا آسان حل بھی بتادیا جو مسئلہ آج کل تقریباً ہر شخص کو درپیش ہے۔ وہ یہ کہ ہمارے بہت سارے چھوٹے موٹے کام وقت کی کمی یا پھر ہماری روایتی سستی کی وجہ سے پڑے رہتے ہیں اور آج کل کے چکر میں ہفتے اور مہینوں گزر جاتے ہیں اور یہ کام نہیں ہو پاتے، بعض دفعہ اس کی وجہ سے ہمیں بڑے نقصان یا بڑی پریشانی کا سامنا بھی کرنا پڑ جاتا ہے۔ اس کا حل انہوں نے یہ بتایا کہ ایسے تمام کاموں کی ایک فہرست بنائیں اور پھر یہ فیصلہ کریں کہ ان میں سے روزانہ ایک یا دو کام ضرور کرنے ہیں، اس طرح چند ہفتوں میں آپ کے یہ سارے کام ہو جائیں گے۔

نائرم کی کلاسز بھی شروع ہوچکی ہیں، اس میں بھی سر زاہد اقبال کامیاب بننے کیلئے ضروری باتیں شیئر کرتے رہتے ہیں، اب تک وہ اسٹوڈنٹس کو بے شمار ایسی باتیں بتا چکے ہیں، اگر ان کو جمع کیا جائے تو پوری ایک کتاب بن سکتی ہے۔ سر زاہد اقبال رئیل اسٹیٹ بزنس کے حوالے سے ایک اکیڈمی کا درجہ رکھتے ہیں اور اچھی بات یہ ہے کہ ان کی شدید خواہش ہے کہ وہ اپنے اس علم کو دوسروں تک پہنچائیں، نائرم کے قیام کے پیچھے بھی یہی مقصد کارفرما ہے۔ رئیل اسٹیٹ بزنس سے وابستہ افراد کو ضرور سر زاہد اقبال کے علم اور تجربے سے استفادہ کرنا چاہئے۔

آخری بات: جیسے کہ کالم کے شروع میں لکھا ہے کہ اس عاجز نے بھی بطور رئیل اسٹیٹ ایجنٹ کام شروع کیا ہے، امید ہے آپ سب کا تعاون اسے حاصل رہے گا۔ رابطے میں رہئے، ایک دوست کے بقول ہوسکتا ہے ہمارے ستارے میچ کر جائیں۔

0343-3416440

# کاروبار اور کامیابی

سید قاسم علی شاہ

ممتاز سماجی، روحانی شخصیت اور پنجاب بناسپتی کے ڈائریکٹر مارکیٹنگ ملک خالد یعقوب کاروبار اور کامیابی کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ 1984ء میں لاہور سے سیل مین کی جاب سے اپنی پریکٹیکل زندگی کا آغاز کیا اور 1990ء میں جاب چھوڑ کر کاروبار کا آغاز کیا۔ جن دنوں میں جاب کر رہا تھا تو ایک دن میرا ایک دوست مجھ سے ملنے آیا اور مجھ سے سوال کیا ''خالد تو نے اپنا نصیب کتنے میں بیچا ہے؟'' یہ سن کر میں حیران ہوا اور ان کا چہرہ دیکھنے لگا اور کہا کہ ''میں آپ کا مطلب نہیں سمجھا، آپ کیا کہہ رہے ہیں'' وہ کہنے لگے ''آپ نے مالک کو دس ہزار کے عوض اپنا نصیب بیچ دیا ہے اور اب آپ کا مالک اس نصیب سے لاکھوں روپیہ کمائے گا، کیا کبھی اس کے بارے میں سوچا؟'' میرے دوست کا یہ کہنا تھا کہ میں نے دل میں تہیہ کر لیا کہ ان شاء اللہ مناسب وقت پر اپنا کاروبار شروع کروں گا۔ اگر آدمی اپنی آنکھیں اور کان کھلے رکھے اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھے تو تبدیلی خود بخود آنا شروع ہو جاتی ہے۔

ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ آج کسی بھی تعلیمی ادارے میں ایم بی اے کی کلاس میں چلے جائیں اور وہاں طالب علموں سے پوچھیں کہ ایم بی اے کرنے کے بعد آپ کیا کرنا چاہتے ہیں تو نوے فیصد سے زائد طالب علموں کا یہ جواب ہوگا کہ ہم نے جاب کرنی ہے۔ جب نیت ہی جاب والی ہوگی تو کاروبار کرنا کیسے ممکن ہوگا اور جو لوگ ملازمت کے پیشے سے وابستہ ہوتے ہیں، ان میں رسک لینے کا حوصلہ نہیں ہوتا جبکہ رسک کے بغیر کاروبار نہیں ہوتا۔


ہم نے خود سے ذہن میں بٹھا رکھا ہے کہ فلاں کاروبار اچھا ہے فلاں برا ہے، یہ کرنا چاہیے یہ نہیں کرنا چاہیے۔ کاروبار ایک ہوتا ہے لیکن اس میں ایک شخص بھوکا ہوتا ہے جبکہ دوسرا ارب پتی ہوتا ہے۔ اصل بات یہ ہوتی ہے کہ کام کرنے کا طریقہ کیا ہے۔

ہمارے ہاں کاروبار میں ناکامی کی ایک وجہ یہ ہے کہ جو کاروبار ایک خاندان میں نسل در نسل چلا آرہا ہوتا ہے، اس کو چھوڑ دیا جاتا ہے، اور اس کی جگہ نیا کاروبار شروع کر دیا جاتا ہے۔ جو خاندان ایک کاروبار کر رہا ہو، فرض کریں کہ اس خاندان کا ایک بچہ تعلیم حاصل کر رہا ہو تو نہ چاہتے ہوئے بھی اسے اپنے کاروبار کی پچاس فیصد سمجھ آجاتی ہے، اب جس کو پہلے ہی کاروبار کی پچاس فیصد سمجھ ہو، اسے اس کاروبار میں کامیاب ہونا آسان ہوتا ہے۔ آج ہمارے نوجوانوں میں جو مایوسی اور ڈپریشن ہے، اس کی دو وجوہات ہیں، پچاس فیصد نوجوانوں کے ذہنوں میں ذات پات کے مسائل چل رہے ہیں، ان کے دماغوں میں ایک ہی سوچ ہے کہ میں فلاں کا بیٹا ہوں، اس لیے ترقی نہیں کر سکتا، میرے والد کا فلاں پیشہ ہے، جو میری ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے، حالانکہ اللہ کے رسول ﷺ نے اپنے ہاتھ سے کام کرنے والے کو اللہ تعالیٰ کا حبیب کہا ہے۔ پچاس فیصد نوجوان ایسے ہیں جن کے ذہنوں میں امیر اور غریب کی تفریق پائی جاتی ہے، ان کے دماغوں میں بس یہی چل رہا ہوتا ہے کہ فلاں اس وجہ سے آگے چلا گیا کہ اس کا باپ امیر ہے، میں تو غریب کا بیٹا ہوں، اس لیے آگے نہیں جا سکا حالانکہ اگر دیکھا جائے تو اس وقت دنیا میں جتنے امیر لوگ ہیں، ان میں سے اسی فیصد کا تعلق متوسط یا غریب طبقے سے ہے۔ امیر لوگوں کی اولاد کمفرٹ زون میں رہتی ہے جس کی وجہ سے ان میں محنت کرنے کا جذبہ پیدا نہیں ہوتا جبکہ محرومی خواب بناتی ہے اور محنت کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں سب برابر ہیں، امیر کا بچہ بھی اسی پروسس سے پیدا ہوتا ہے، جس پروسس سے غریب کا بچہ پیدا ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ سب کو یکساں مواقع فراہم کرتا ہے، جو امتحان ہوتے ہیں وہ تو درجات بڑھانے کیلئے ہوتے ہیں۔

> ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ آج کسی بھی تعلیمی ادارے میں ایم بی اے کی کلاس میں چلے جائیں اور وہاں طالب علموں سے پوچھیں کہ ایم بی اے کرنے کے بعد آپ کیا کرنا چاہتے ہیں تو نوے فیصد سے زائد طالب علموں کا یہ جواب ہوگا کہ ہم نے جاب کرنی ہے۔ جب نیت ہی جاب والی ہوگی تو کاروبار کرنا کیسے ممکن ہوگا اور جو لوگ ملازمت کے پیشے سے وابستہ ہوتے ہیں، ان میں رسک لینے کا حوصلہ نہیں ہوتا جبکہ رسک کے بغیر کاروبار نہیں ہوتا

ناکامی تکرار کرنے سے بڑھتی ہے، خاموشی اختیار کرنے سے کم ہوتی ہے، صبر کرنے سے ختم ہوتی ہے، اور شکر کرنے سے کامیابی میں بدل جاتی ہے جس کسی کو اپنے کام میں کسی قسم کی مشکلات اور چیلنجز کا سامنا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اس حدیث قدسی کے مفہوم کو سامنے رکھے کہ ''ساری دنیا مل کر نفع پہنچانا چاہے لیکن رب نہ چاہے تو نفع نہیں ہوسکتا اور ساری دنیا مل کر نقصان پہنچانا چاہے لیکن رب نفع پہنچانا چاہے تو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔'' کوئی بھی والدین اپنی اولاد کو ناکام نہیں دیکھنا چاہتے اور وہ ذاتِ باری تعالیٰ جو ستر ماؤں سے زیادہ پیار کرتا ہے، وہ کیسے چاہے گا کہ میرا بندہ ناکام ہو، اس لیے بندے کو ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے اچھا گمان رکھنا چاہیے، اسے سوچنا چاہیے کہ اگر میرے حالات اچھے نہیں ہیں تو اس میں اللہ تعالیٰ کی حکمت ہوگی۔ اگر غور کیا جائے، کئی حالات و واقعات ایسے ہوتے ہیں کہ جب بندہ ان سے گزر رہا ہوتا ہے تو شدید کرب میں ہوتا ہے اور اس وقت اس کی ایک ہی خواہش ہوتی ہے کہ جتنی جلد ممکن ہو سکے، ان سے چھٹکارہ مل جائے لیکن وہی حالات اس کی کامیابی کیلئے سیڑھی کا کردار ادا کرتے ہیں، بعد میں بندہ جب ان کو دیکھتا ہے تو سوچتا ہے کہ اگر وہ حالات پیش نہ آتے تو آج میں اس مقام تک نہ پہنچ پاتا۔ جو بندہ پریشانیوں کو سر پر اٹھاتا ہے، وہ اس کے نیچے دب جاتا ہے اور جو پریشانیوں کو پاؤں کے نیچے رکھتا ہے، اس کا قد پہلے سے بھی بڑا ہوجاتا ہے۔ جو شخص اچھا بزنس مین، اچھا ٹیچر، اچھا مینجر یا اچھا والد بننا چاہتا ہے، اسے سب سے پہلے اچھا انسان بننا پڑے گا۔ کسی بھی شعبے میں کامیاب ہونے کیلئے سب سے پہلے اچھا انسان بننا بہت ضروری ہے، یہی کاروبار میں کامیابی کی پہلی سیڑھی ہے۔ آج ہم نے یقین بنالیا ہے کہ جھوٹ کے بغیر کاروبار نہیں ہو سکتا لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ جس نے ہمیں پیدا کیا ہے، اس نے بتایا ہے کہ دنیا میں کیسے رہنا ہے اور صرف وہی کچھ کرنا ہے، جس سے دنیا اور آخرت دونوں میں کامیابی حاصل ہو۔ اللہ تعالیٰ نے ہم پر بڑا احسان یہ کیا کہ اس نے حضور اکرم ﷺ کو ہماری ہدایت کے لیے بھیجا، آج ہمارے پاس قرآنِ پاک ہے، آپ ﷺ کی سیرت طیبہ ہے جن سے استفادہ کیا جاسکتا ہے مگر بدقسمتی یہ ہے کہ ہماری اکثریت ایسے لوگوں پر مشتمل ہے جنہوں نے کبھی ترجمے کے ساتھ قرآنِ مجید نہیں پڑھا، سیرتِ طیبہ کا مطالعہ نہیں کیا۔ لوگوں کی بڑی تعداد ایسی ہے جو جذباتی حد تک تو آپ ﷺ سے عشق کرتی ہے لیکن انہیں آپ ﷺ کے شب و روز کا اندازہ ہی نہیں ہے۔ سب سے بہترین طریقہ حضور اکرم ﷺ کی اطاعت ہے، سو فیصد کامیابی کا راستہ حضور اکرم ﷺ کا بتایا ہوا راستہ ہے۔ قرآن پاک کو سمجھ کر پڑھنا چاہیے، یہ ہر انسان کے لیے کھلا خط ہے۔ دنیا و آخرت کی ترقی کے لیے اللہ، اس کی کتاب اور اس کے رسول ﷺ کے علاوہ اور کوئی راستہ نہیں ہے۔ کسی بھی فیلڈ میں کامیابی حاصل کرنا بہت آسان ہوتا ہے لیکن ہم خود ہی اس کو مشکل بناتے ہیں۔ بچپن میں جب بندہ سائیکل چلانا سیکھتا ہے تو کئی دفعہ گرتا ہے لیکن اس کے باوجود سائیکل چلانا سیکھ جاتا ہے، اگر اس وقت اسے پوچھا جائے کہ کیا سائیکل چلانا آسان ہے یا مشکل ہے تو وہ جواب دیگا کہ بہت آسان ہے، بالکل ایسے ہی کوئی بھی کاروبار جب شروع کیا جاتا ہے تو اس میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے لیکن پھر آسانی پیدا ہوجاتی ہے۔ جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ پر اور اپنے آپ پر یقین ہوتا ہے، وہ سو فیصد کامیاب ہو جاتے ہیں، جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ سے اور اپنے سے امید ہوتی ہے، وہ پچاس فیصد کامیاب ہوتے ہیں اور پچاس فیصد ناکام ہوتے ہیں جبکہ جو مایوس ہوتے ہیں اور انھی اپنی کامیابی کا یقین نہیں ہوتا، وہ سو فیصد ناکام ہوجاتے ہیں۔ نپولین ہل بھی اپنی کتاب Think and Grow Rich کے پہلے باب میں یقین کا ذکر کرتا ہے۔ جو لوگ کامیاب ہوتے ہیں، ان کا پیشہ اور مشغلہ ایک ہوتا ہے، اگر کام اور مشغلہ ایک نہ ہو تو پھر محنت مشقت بن جاتی ہے اور بندہ انتظار کرتا رہتا ہے کہ کب وقت ختم ہو اور میری جان چھوٹے جب مشغلہ اور کام ایک ہوتا ہے تو وقت گزرنے کا احساس ہی نہیں ہوتا۔ کام اور مشغلے کے ایک ہونے کے علاوہ کاروبار میں تعلیم کا بھی اہم کردار ہوتا ہے۔ تعلیم کے بغیر انسان نابینا ہوتا ہے، تعلیم کے بغیر بندہ نہ تو دین کو سمجھ سکتا ہے اور نہ ہی دنیا کو، جس کے پاس تعلیم بھی ہو اور عمل بھی ہو تو وہ دو دھاری تلوار بن جاتا ہے اور جو شخص محنت کے ساتھ اللہ تعالیٰ پر توکل کرتا ہے، کامیابی اس کے پیچھے بھاگتی ہے۔

> جو شخص اچھا بزنس مین، اچھا ٹیچر، اچھا مینجر یا اچھا والد بننا چاہتا ہے، اسے سب سے پہلے اچھا انسان بننا پڑے گا۔ کسی بھی شعبے میں کامیاب ہونے کیلئے سب سے پہلے اچھا انسان بننا بہت ضروری ہے، یہی کاروبار میں کامیابی کی پہلی سیڑھی ہے۔ آج ہم نے یقین بنالیا ہے کہ جھوٹ کے بغیر کاروبار نہیں ہوسکتا لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہے



# اسٹیٹ ایجنٹ کی روانگی کا نوٹس

یہ باضابطہ طور پر اعلان کرنا ہے کہ جناب احسن سعید اب 1 جولائی 2024 سے جوہر اسٹیٹ سے وابستہ ایجنٹ نہیں ہیں۔

اب سے، کوئی بھی کاروباری لین دین، جائیداد کے سودے، یا مسٹر احسن سعید کی پیشہ ورانہ مصروفیات مکمل طور پر آزاد ہیں اور اس کا جوہر اسٹیٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ جوہر اسٹیٹ جناب احسن سعید کی جانب سے کی گئی آئندہ کی کارروائیوں، سودے یا نمائندگی کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا۔

ہم جناب سعید کو ان کی مستقبل کی کوششوں میں نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں۔

**Johar Iqbal**
**CEO**
**Johar Estate**

## Siddiq Estate Enterprises

**DHA City Plot For Sale**

1. Sec-3A/3B 500 Yds, Demand 120/103 lac
2. Sec-10A/11B 500 Yds, Demand 66/69 lac
3. Sec-17 500 Yds Demand 53 lac
4. Sec-2A 300 Yds, Demand 62/68 lac
5. Sec-9C, Corner, 300 Yds Demand 52 lac
6. Sec-6D, 300 Yds, Demand 623 lac
7. Sec-9C, 200 Yds Demand 39 lac
8. Sec-4E/14A/14B/14D, 125 Yds Demand, 22/28 lac

**DHA Plot For Sale**

1. Ayyubi lane-5, VII Ext, 100 Yds
2. Kh. Saqib/Shajar, VIII, 600 Yds
3. Kh. Saqib, corner, VIII, 2000 Yds

**M. Siddiq Qureshi**
**0300-8279791, 0335-8279791**

## QURESHI ESTATE

### Plot For Sale

1. 2000 Yds, Kh. Bukhari, VI
2. 1000 Yds, 15th street, VIII-B
3. 500 Yds, "Q" street, VII-B
4. 1000 Yds, 17th street, VIII-B
5. 2000 Yds, 16th street, VIII-B
6. 2000 Yds, Kh. Amir Khusro VI
7. 2000 Yds Kh. Ittehad, VI
8. 1000 Yds, 30th street, VIII-B

**Shoaib Qureshi**
**0344-2002825**

CLIFTON TIMES
Your Weekly Real Estate Guide

## اطلاع عام

تمام مشتہرین حضرات سے گزارش ہے کہ اگر آپ کے اشتہار میں کسی بھی قسم کی غلطی ہے تو آپ بروز پیر ''کلفٹن ٹائمز'' کے دفتر میں فون کر کے نوٹ کرا دیں بصورت دیگر آپ کو اشتہار کا بل ادا کرنا پڑے گا۔ ہفت روزہ ''کلفٹن ٹائمز'' میں کلر اشتہارات دینے کے لئے جمعہ کو شام 6:00 بجے تک اور بلیک اینڈ وائٹ اشتہارات کے لئے ہفتہ کو شام 6:00 بجے تک رابطہ کریں۔ آپ اپنے اشتہارات جتنی جلدی لکھوائیں گے ان میں غلطی کا کم سے کم امکان ہوگا۔ پی ٹی سی ایل اور موبائل نمبر میں اگر کوئی ایک نمبر غلط ہے تو غلطی تصور نہیں کی جائے گی۔ شکریہ

ادارہ کلفٹن ٹائمز

**Zainab Khan:** 0302-2454985
35388151-35388152
cliftontimes2008@gmail.com

## Best Bargain Deals

**Residential Plots For Sale**

1. Kh. Rizwan 500 YARDS
2. Kh. Saadi 500-500 YDS (JORI)
3. Kh. Shujaat 500+500 YARDS (JORI)
4. Kh. Qasim/37TH Street, 2600 YARDS westopen, corner, Phase-VIII

**Commercial Plot For Sale**

5. 100-200 & 400 YARDS, Phase-VIII

**Required Commercial Plot**

Required 100 yards corner plot in Peninsula Commercial

**PRIME ESTATE ENTERPRISES**

111-111-800
RAZI AHMED
0300-2014786

### Public Notices Residential Plots

| S.# | Date | Plot# | Khyaban/Street | Phase | Size | Agency | Phone |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 15-Jul-24 | 47/A | Zulfiqar street-3 | VIII | 500 | Mehanti Estate | 0300-2638925 |
| 2 | 19-Jul-24 | 154-A | 25th street | VIII | 1000 | Abdul Sattar Chotawala | 0300-2900800 |
| 3 | 19-Jul-24 | 244/II | 20th street | VIII | 690.66 | Karar Esatate | 0333-3573400 |
| 4 | 19-Jul-24 | 252 | 26th street | VIII | 996 | Investors World | 0321-8213358 |
| 5 | 20-Jul-24 | 271/II | 34th street | VIII | 498 | Estate Advisor | 35849170 |

### Public Notices Bungalows

| S.# | Date | Bungalow # | Khyaban/Street | Phase | Size | Agency | Phone |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 19-Jul-24 | S-236-N | 5th-A, Street | VII Ext. | 100 | Zee Property | 03321-9222884 |
| 2 | 20-Jul-24 | 73/II | 24th street | VI | 500 | Imran Mengrani Advocate | |
| 3 | 20-Jul-24 | 80/I | Kh. Hafiz | VI | 1000 | Imran Mengrani Advocate | |

### Public Notices Apartment Defence

| S.# | Date | Plot # | Apt # | Floor | Khayaban/Street/Lane | Phase | Size | Agency | Phone |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 15-Jul-24 | 24-C | 5-D | 5th | Ittehad lane-9 | VI | 1450 | Sadaf Estate | 0324-0298345 |

### PUBLIC NOTICE APARTMENT CLIFTON

| S.# | Date | Plot # | Apt # | Floor | Project | Block | Size | Agency | Phone |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 15-Jul-24 | 114/I-CF-1-5 | 207 | 2nd | Seven Tower,Clifton Quarters | | 1730 | Real Estate B.N.K | 35245743 |
| 2 | 19-Jul-24 | BC-4 | 15-II-F | 2nd | Ali Co-Operative Housing Society,Clif | | | Junaid Ameen | 0300-9213373 |
| 3 | 20-Jul-24 | FL-12 | A-501 | 5th | Shamdman Residency | Blk-2 | 1806 | H & S Real Estate | 0333-3966659 |

### Public Notice DHA CITY

| S.No | Date | Plot # | Sec | Size | Agency | Phone |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 20-Jul-24 | 753 | Sec-7D | 500 | Sadaf Estate | 0321-2200511 |

CLIFTONTIMES

## RESIDENTIAL PLOTS FOR SALE - Phasewise

CLIFTONTIMES

| S. No. | Plot # | Khayaban / Street | Main Features / Zone | Phase | Size of Plot | Demand | Agency | Contact Person | Telephones | Mobile | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | with corner | IV | 300/300 | | Tabani Real Estate | Hammad | | 0300-2117764 | C |
| 2 | | 27th street off Kh. Shamsheer | | V | 980 | | Khurram Enterprises | Khurram Ali | | 0300/0321-8255004 | C |
| 3 | | 8th street off Kh. Momin | 90X100 | V | 1000 | | Khurram Enterprises | Khurram Ali | | 0300/0321-8255004 | C |
| 4 | | 18th street | Kh. Badban, 90X100 | V | 1000 | | Khurram Enterprises | Khurram Ali | | 0300/0321-8255004 | C |

| S. No. | Plot # | Khayaban / Street | Main Features / Zone | Phase | Size of Plot | Demand | Agency | Contact Person | Telephones | Mobile | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 5 | F34 | Kh. Jabal | w/o | V | 1826 | | Khurram Enterprises | Khurram Ali | | 0300/0321-8255004 | C |
| 6 | | Kh. Ghazi | w/o | VI | 500 | 10 | Khanani Estate | Salman Memon | | 0321-2737475 | C |
| 7 | | CBC Location | CORNER W/O | VI | 500 | | Khanani Estate | Salman Memon | | 0321-2737475 | C |
| 8 | 18-B | Creek Lane-1 | Near Bukhari Park | VI | 600 | | Estate Counsel | Farooq Suleman | 111-111-037 | 0322-8227666 | C |
| 9 | | 23rd street off Kh. Rahat | | VI | 666 | | A. B. Associates | Tehseen Abni | | 0321-8228032 | C |
| 10 | | 7th street off Kh. Rahat | 90X100 | VI | 1000 | | Khurram Enterprises | Khurram Ali | | 0300/0321-8255004 | C |
| 11 | | Main Kh. Shahbaz | w/o | VI | 1870 | reaso nable | Tabani Real Estate | Hammad | | 0300-2117764 | C |
| 12 | | Kh. Sehar | corner, divided into-3 | VI | 2000 | | Siddiq Estate Enterprises | M. Siddiq Qureshi | 35885533-88 | 0300-8279791, 0335-8279791 | C |
| 13 | | 25th Street | | VI | 2000 | | Sunshine Estate | Saqib / Khalid Gil | | 0321-9222282, 0321-8244858 | C |
| 14 | | 30th street | B/W Rahat & Muhafiz | VI | 3000 | | Estate Counsel | Farooq Suleman | 111-111-037 | 0322-8227666 | C |
| 15 | | 22nd Lane | | VII | 500/1000 | | Premier Estate | Amin Uddin | 35888555 | 0300-8208204 | C |
| 16 | | Ayyubi street street-6 | | VII Ext. | 100 | | M. I. Associates | M. Irfan | | Whatsapp: 0321-8298515 | C |
| 17 | | Ayyubi staff lane-5 | | VII Ext. | 100 | | Siddiq Estate Enterprises | M. Siddiq Qureshi | 35885533-88 | 0300-8279791, 0335-8279791 | C |
| 18 | | 4th Street | - | VII Ext. | 120 | | Mahenti Estate | Iftikhar | 35876042 | 3002638925 | C |
| 19 | | Iqbal lane-13 | | VIII | 120 | | Bukhari Properties | Naveed | | 0300-8289996 | C |
| 20 | | Main Kh. Shujaat | w/o | VIII | 120 | | Mahenti Estate | Faizan | 021-35876042-3 | 0300-8279791 | C |
| 21 | | Beach street-4 | Off Arafat | VIII | 400 | | Estate Counsel | Farooq Suleman | 111-111-037 | 0322-8227666 | C |
| 22 | | Beach street-15 | Zone-C | VIII | 500 | | A. B. Associates | Tehseen Abni | | 0321-8228032 | C |
| 23 | | Saba Avenue off Kh. Qasim | Zone-A | VIII | 500 | | Bukhari Properties | Naveed | | 0300-8289996 | C |
| 24 | | 18th/19th street | D-Cutting, 4th Belt | VIII | 500 | | Bukhari Properties | Naveed | | 0300-8289996 | C |
| 25 | | Coastal Street-1 | | VIII | 500 | | Eagle Star | M. Ashraf | | 0300-3612984 | |
| 26 | | Beach street-14 | | VIII | 500 | | Eagle Star | M. Ashraf | | 0300-3612984 | |
| 27 | | Beach street-2A | off Saqib | VIII | 500 | | Estate Net | Badar/Umair/Uzair | 0300-9296593 | 0300-2761900, 0322-2685225 | C |
| 28 | | 23rd street off Kh. Arafaat | | VIII | 500 | | Haroon Enterprises | Shahzad Haroon/ Moin Haroon | | 0300-8297722, 0300-1922571 | C |
| 29 | | 34th street off Kh. Tipu | | VIII | 500 | | Haroon Enterprises | Shahzad Haroon/ Moin Haroon | | 0300-8297722, 0300-1922571 | C |
| 30 | | 18th street | D-Cutting, 2nd Belt | VIII | 500 | | Khanani Estate | Salman Memon | | 0321-2737475 | C |
| 31 | | 23rd Street | Zone-E | VIII | 500 | | Khanani Estate | Salman Memon | | 0321-2737475 | C |
| 32 | | D- Cutting | 2nd/3rd/4th/5th Belt | VIII | 500 | | Mahenti Estate | Iftikhar | 35876042 | 3002638925 | C |
| 33 | | | Zone-C | VIII | 500 | | Mahenti Estate | Iftikhar | 35876042 | 3002638925 | C |
| 34 | | D-Cutting, 3rd/4th/5th Belt | w/o, e/o | VIII | 500 | | Mahenti Estate | Iftikhar | 35876042 | 3002638925 | C |
| 35 | | Kh. Shajjar | | VIII | 500 | 4.85 | Premier Estate | Amin Uddin | 35888555 | 0300-8208204 | C |
| 36 | | Beach Street-5 | Zone-D | VIII | 500 | | Property News | Altaf / Imtiaz | | 0345-8229882, 0321-8247353 | C |
| 37 | | 18th street | D-Cutting | VIII | 500 | | Real Estate Mart | Syed M. Asif | | 0300-2266674 | C |
| 38 | | Coastal Street-1 | | VIII | 500 | | Sadaf Estate | Jibran Jameel | | 0321-2200511 | C |
| 39 | | Zulfiqar Street-1 | Zone-A | VIII | 500 | | Sadaf Estate | Jibran Jameel | | 0321-2200511 | C |
| 40 | | Kh. Shujaat | 3rd belt | VIII | 500 | | Sunshine Estate | Saqib / Khalid Gil | | 0321-9222282, 0321-8244858 | C |
| 41 | | 35th street | off Khyber | VIII | 500 | | Taj Enterprises | Karim / Amir | | 0321-8204371, 0321-2429589 | C |

## RESIDENTIAL PLOTS FOR SALE - Phasewise

CLIFTONTIMES

| S. No. | Plot # | Khayaban / Street | Main Features / Zone | Phase | Size of Plot | Demand | Agency | Contact Person | Telephones | Mobile | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 42 | | Kh. Shajar | | VIII | 600 | | Eagle Star | M. Ashraf | | 0300-3612984 | |
| 43 | | Kh. Saqib | corner | VIII | 600 | | Siddiq Estate Enterprises | M. Siddiq Qureshi | 35885533-88 | 0300-8279791, 0335-8279791 | C |
| 44 | | 29th street | 3rd belt | VIII | 600 | | Taj Enterprises | Karim / Amir | | 0321-8204371, 0321-2429589 | C |
| 45 | | Off Kh. Faisal | Zone-D, w/o, jori | VIII | 666 | | Khanani Estate | Salman Memon | | 0321-2737475 | C |
| 46 | | 24th street Kh.Ghalib/Babar | | VIII | 666 | | M. I. Associates | M. Irfan | | Whatsapp: 0321-8298515 | C |
| 47 | | 28th street | 4th belt | VIII | 666 | | Taj Enterprises | Karim / Amir | | 0321-8204371, 0321-2429589 | C |
| 48 | | Kh. Shaheen | | VIII | 1000 | | Estate Net | Badar/Umair/Uzair | 0300-9296593 | 0300-2761900, 0322-2685225 | C |
| 49 | | Beach street | Zone-C, w/o | VIII | 1000 | | Khanani Estate | Salman Memon | | 0321-2737475 | C |
| 50 | | | Zone-E, Gola Plot | VIII | 1000 | | Khanani Estate | Salman Memon | | 0321-2737475 | C |
| 51 | | Before Faisal | Zone-E, 75 Front, w/o | VIII | 1000 | | Khanani Estate | Salman Memon | | 0321-2737475 | C |
| 52 | | Kh. Babar/21st street | Semi Gola | VIII | 1000 | | M. I. Associates | M. Irfan | | Whatsapp: 0321-8298515 | C |
| 53 | | Kh. Muhafiz Near 12th street | corner Near CBC Saheem Masjid | VIII | 1000 | | Mahenti Estate | Iftikhar | 35876042 | 3002638925 | C |
| 54 | | Beach Street 75 /120 | Off Kh. Arafat, w/o | VIII | 1000 | | Mahenti Estate | Iftikhar | 35876042 | 3002638925 | C |
| 55 | | 26th Stret off Kh. Faisal | | VIII | 1000 | 10.7 | Premier Estate | Amin Uddin | 35888555 | 0300-8208204 | C |
